# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ 10 اگست 2021

آج صوبہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا۔ جس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی۔ اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ ایڈوائزر چیف منسٹر بلوچستان، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا، سیکرٹریز لوکل گورنمنٹ بلوچستان و خیبر پختونخوا، الیکشن کمیشن اور صوبائی حکومتوں کے افسران نے شرکت کی۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ الیکشن کمیشن نے حلقہ بندی کیلئے حلقہ بندی کمیٹیاں اور حلقہ بندی اتھارٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ تاہم صوبائی حکومت کی طرف سے لوکل کونسلز کی تعداد اور نام نہ دینے کی وجہ سے الیکشن کمیشن صوبہ میں حلقہ بندیوں کا کام شروع نہیں کر سکا۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن کی سفارشات کی روشنی میں متعلقہ قوانین میں درکار ترامیم بھی عمل میں نہیں لائی گئیں جو الیکشن کے انعقاد کیلئے نہایت ضروری ہیں۔

۱۔ ایڈوائزر چیف منسٹر بلوچستان نے الیکشن کمیشن کو بریف کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ میں لوکل گورنمنٹ الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے غور و خوض کیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ کیونکہ مردم شماری 2017ء کے حتمی اعداد و شمار شائع ہو چکے ہیں لہذا صوبائی گورنمنٹ لوکل کونسلوں کے درجات کی اپ گریڈیشن کرنا چاہتی ہے۔ مزید لوکل گورنمنٹ قوانین میں کچھ ترامیم کی ضرورت کے علاوہ پسماندہ صوبہ ہونے کی وجہ نقشہ جات و دیگر دستاویزات بغرض حلقہ بندی جو الیکشن کمیشن کو مطلوب ہیں ان کی تیاری میں وقت لگے گا لہذا صوبائی گورنمنٹ کو دو سے تین ماہ کا وقت دیا جائے تاکہ صوبائی حکومت تیاری کر کے الیکشن کمیشن کو الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے آگاہ کر سکے۔ چیف الیکشن کمشنر نے اس پر صوبائی حکومتوں کے نمائندگان کو یہ باور کروایا کہ صوبہ میں مقامی حکومتوں کی مدت 27-01-2019 کو ختم ہو گئی تھی۔ آئین کے تحت الیکشن کمیشن نے 120 دن کے اندر انتخابات کروانے تھے۔ مخصوص مدت میں انتخابات نہ کروانا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ صوبائی حکومت اس معاملہ کو سنجیدہ لے ایک ماہ کے اندر مذکورہ بالا کام مکمل کر کے الیکشن کمیشن کو آگاہ کرے بصورت دیگر معاملہ کو الیکشن کمیشن کی ریگولر سماعت کیلئے مقرر کر کے چیف سیکرٹری کو وضاحت کیلئے طلب کیا جائیگا۔

۲۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ الیکشن کمیشن نے صوبہ میں حلقہ بندی کا کام مکمل کر لیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے اجلاس منعقدہ 6 جون 2021ء کو صوبائی حکومت نے رواں سال ستمبر کے آخر یا اکتوبر کے وسط تک مقامی حکومتوں کے انتخابات کرانے پر رضامندی ظاہر کی تھی۔ لہذا صوبائی گورنمنٹ کے ساتھ الیکشن کے انعقاد کی تاریخ پر مشاورت کی جائے تاکہ صوبہ میں لوکل گورنمنٹ کے انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ صوبہ میں کرونا وبا، محرم الحرام کے ایام، لا اینڈ آرڈر اور شمالی علاقہ جات کے موسمی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے صوبائی حکومت مارچ 2022 میں انتخابات کروانا چاہتی ہے اس پر چیف الیکشن کمشنر نے چیف سیکرٹری کو بتایا کہ صوبہ میں الیکشن کا انعقاد الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت کی مارچ 2022 میں الیکشن کے انعقاد کی تجویز نا قابل قبول ہے۔ لہذا الیکشن کمیشن ہدایت دیتا ہے کہ معاملہ کو کیبنٹ کے سامنے رکھیں تا کہ وہ اس معاملہ پر غور کریں اور الیکشن کمیشن کو صوبہ میں الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے فوری طور پر آگاہ کریں تا کہ الیکشن کمیشن صوبہ میں الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنائے۔

---------